کے۔الیکٹرک میمن گوٹھ، کورنگی ایسٹ، ڈیفنس اور نارتھ کراچی گرڈز کی مینٹیننس جمعرات کو کرے گا

کراچی: بروز جمعرات ،9 فروری 2023 کو میمن گوٹھ، کورنگی ایسٹ، ڈیفنس اورنارتھ کراچی گرڈز پر کے۔ الیکٹرک کی جانب سے ضروری مینٹیننس کی جائے گی، جس کے باعث میمن گوٹھ گرڈپرصبح 9:00سے شام 6:00، کورنگی ایسٹ گرڈصبح 10:00سے شام 6:00، ڈیفنس گرڈ صبح 9:00سے شام 6:00 اور نارتھ کراچی گرڈ پر صبح 9:00سے شام 6:00 تک عارضی طور پر بجلی کی فراہمی معطل رہے گی۔

تمام صارفین جو 8119 پر رجسٹرڈ ہیں، ان کو اس مینٹیننس شٹ ڈاؤن کی پیشگی اطلاع بذریعہ ایس ایم دی جا چکی ہے۔

مزید معلومات کے لیے صارفین 118 یا کے۔ الیکٹرک کے سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر رابطہ کر سکتے ہیں۔

میمن گوٹھ گرڈسےملحقہ جن علاقوں میں بجلی معطل کی جاسکتی ہے ان میں آغا شاہی، بحریہ ٹاور، بلال مسجد آر ایم یو، دانش فارم آر ایم یو، ڈگری سائنس کالج، دیہہ شاہ مرید، گالف کورس، ہائوس ٹرانسفارمر فیڈر نمبر2، Huderwa ، حسانی آر ایم یو، خالد پمپنگ، لبنیٰ فارم، مڈوے کمرشل، نذر علی دیلز، پلاٹ نمبر 58 آر ایم یو آنکھوں کا ہسپتال، Precinct 10A،صائمہ گرین ویلی اینڈ واپڈا O/H، برہانی گارڈن، خیابانِ محمد، کھوکھراپار آر ایم یو،میمن گوٹھ ٹیلیفون ایکسچینج، ملا عیسیٰ گوٹھ آر ایم یو، ریسٹ ہائوس اینڈ ریور آر ایم یو (ملیر ریور)۔

نارتھ کراچی گرڈ: ارمان سی این جی، برکت مارکیٹ، بفرزون پی یو ایم پی،خان یونس، خیام ٹائون، مراقبہ ہال، پیراڈائز، پیپلز کالونی، ریڈ ہائوس، سلیم سینٹر یوپی موڑ (پرانا نام شیریں سینما) شامل ہیں۔